اردو (لازمی) 207-(انٹر پارٹ-I) (تعلیمی سیشن 2006-2008) رول نمبر (ہندسوں میں): ---------------------

پرچہ : I (معروضی طرز) پہلا گروپ رول نمبر (لفظوں میں): ---------------------

وقت : 20 منٹ اپنی جوابی کاپی کا سیریل نمبر لکھئے : ---------------------

کل نمبر : 20

دستخط نائب ناظم : ---------------------

اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی خالی جگہوں پر لکھیے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہو گا۔ یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ منسلک کیا جائے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے : 5

(i) سبق ''اسوۂ حسنہ'' کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

(ii) سرسید احمد خاں کے خیال میں اصلی غلام کون ہے ؟

(iii) سبق ''سرسید کے اخلاق و خصائل'' کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

(iv) ابوالقاسم زہراوی کی مشہور کتاب کا نام کیا ہے ؟

(v) حضرت قمر کی بیوی کا کیا نام تھا ؟

2۔ (ا) تلمیح کی تعریف کیجئے اور دو مثالیں دیجئے۔ 3,2

(ب) ردیف کی تعریف کیجئے اور دو مثالیں دیجئے۔ 3,2

(ج) تذکیر و تانیث کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل جملوں کو درست کیجئے : 5

(i) مظلوم نے بھرے بازار میں واویلا کیا۔ ---------------------

(ii) دکاندار کا ترازو ٹوٹ گیا۔ ---------------------

(iii) اُسے قبض رہتی ہے۔ ---------------------

(iv) کمرے میں رات بھر تاش کھیلی گئی۔ ---------------------

(v) بازار میں کیچڑ پھیلا ہوا ہے۔ ---------------------

اردو (لازمی) 207-(انٹر پارٹ-I) (تعلیمی سیشن 2006-2008) رول نمبر (ہندسوں میں): ....

پرچہ : I (معروضی طرز) دوسرا گروپ رول نمبر (لفظوں میں): ....

وقت : 20 منٹ اپنی جوابی کاپی کا سیریل نمبر لکھئے : ....

کل نمبر : 20

دستخط نائب ناظم : ....

اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی خالی جگہوں پر لکھئے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہو گا۔ یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ نتھی کیا جائے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے : 5

(i) قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتنی کتابیں تھیں؟

....

(ii) ابوالقاسم زہراوی کی مشہور تصنیف کا نام کیا تھا؟

....

(iii) سرسید نے مطالعے کی عادت کب سے اپنائی؟

....

(iv) حضرت قمر نے لکھنے پڑھنے کی عادت کو ''عبادت'' کیوں کہا؟

....

(v) اس دنیا کی بنیاد کس چیز پر ہے؟

....

2۔ (الف) تشبیہ کی تعریف کیجئے اور دو مثالیں دیجئے۔ 3,2

....

....

....

....

(ب) مطلع کی تعریف کیجئے اور دو مثالیں دیجئے۔ 3,2

....

....

....

....

(ج) تذکیر و تانیث کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل جملوں کو درست کیجئے : 5

(i) مرض بڑھتی گئی جوں جوں دوا کی۔ ....

(ii) ڈاکٹر نے زخم پر مرہم لگائی۔ ....

(iii) میز خالی پڑا ہے۔ ....

(iv) لفافے پر تھوڑی سی گوند لگا دو۔ ....

(v) میں نے کمرے میں قائداعظم کی فوٹو لگا رکھی ہے۔ ....

رول نمبر.................(امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2006-2008)

اردو (لازمی) — 207- (انٹر پارٹ۔I) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ I: (انشائیہ طرز) — دوسرا گروپ — کل نمبر : 80

(حصہ اول)

3۔ (ا) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8.1.1

یہ مینہ کے قطرے مچل رہے ہیں، کہ ننھے سیارے ڈھل رہے ہیں
افق سے موتی ابل رہے ہیں، گھٹائیں موتی لٹا رہی ہیں
نہیں ہے کچھ فرق بحر و بر میں، کھنچا ہے نقشہ یہی نظر میں
کہ ساری دنیا ہے اک سمندر، بہاریں جس میں نہا رہی ہیں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 9.1

ایک نعت بھی یہی، ایک قیامت بھی یہی
روح کا جاگنا اور آنکھ کا، بینا ہونا
جو برائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی
دوستو! کتنا برا تھا مرا اچھا ہونا
قعر دریا میں بھی آ نکلے گی، سورج کی کرن
مجھ کو آتا نہیں محروم تمنا ہونا

(حصہ دوم)

4۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10.3.1.1

(ا) ایک اور سنگین غلط فہمی جس میں خواص و عوام مبتلا ہیں اور جس کا ازالہ میں رفاہ عام کے لیے نہایت ضروری خیال کرتا ہوں، یہ ہے کہ مرغیاں ڈربے اور ناپے میں رہتی ہیں۔ میرے ڈیڑھ سال کے مختصر مگر بھرپور تجربے کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں ڈربے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں اور جہاں نظر نہ آئیں وہاں اپنے ورود و نزول کا ناقابل تردید ثبوت چھوڑ جاتی ہیں۔ ان آنکھوں نے بارہا غسل خانے سے انڈے اور کتابوں کی الماری سے جیتے جاگتے چوزے نکلتے دیکھے۔

(ورق الٹیے)

4۔ (ب) میں یقین کرتا ہوں کہ اگر ہم محنت کیے جاویں اور اپنی قوتوں کو ٹھیک طور پر استعمال کریں تو اس سے زیادہ ہم کو کوئی موقع یا آئندہ کی قوی توقع اپنی بہتری کے لیے نہیں ہے۔ استقلال اور محنت کامیابی کا بڑا ذریعہ ہے۔ اگر ہم ایک دل ولولے اور محنت سے کام کیے جائیں گے تو مجھے پورا یقین ہے کہ تھوڑے زمانے میں ہماری حالت بھی ایک عمدہ قوم کی مانند آرام و خوشی و آزادی کی ہو جاوے گی۔

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

(ا) اوورکوٹ۔ (ب) سفارش۔

6۔ دلاورفگار کی نظم ''لوکل بس'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

7۔ انتخابی امیدوار اور ووٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

ایک تفریحی اور مطالعاتی سفر کی روداد تحریر کیجیے۔

8۔ کالج سے مسلسل غیر حاضر رہنے کی بنا پر آپ کا نام خارج ہو گیا ہے۔ دوبارہ داخلے کے لیے اپنے کالج کے پرنسپل صاحب کے نام درخواست لکھیے۔ 10

9۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 8,2

میری دلسوزی اپنے ہم مذہب بھائیوں کے ساتھ اس وجہ سے ہے کہ میری دانست میں ہم مسلمانوں میں بہت سی رسمیں جو حقیقت میں بری ہیں مروج ہو گئی ہیں۔ ان میں سے ہزاروں ہمارے پاک مذہب اور انسانیت دونوں کے خلاف اور تہذیب و شائستگی کے برعکس ہیں۔ اس لیے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم لوگ تعصب، ضد اور نفسانیت کو چھوڑ کر ان بری رسموں اور بدعتوں کو ترک کرنے پر مائل ہوں جیسا کہ ہمارا مذہب پاک، روشن اور ہزاروں حکمتوں سے بھرا ہوا ہے۔ اسی طرح اپنی معاشرت کو بھی عمدہ اور پاک کریں۔